Principal: *Nicky Walker*
Assistant Principal: *Anne McDonald*
Assistant Principal: *Kerry Bates*
Assistant Principal: *Mick Sweeney*
Business Manager: *Nicholas Macura*

19.5.2020

CCPS کووڈ-19 ہدایات برائے اسکول واپسی

صحت و حفاظت سے متعلق اسکول کے اقدامات

- آسٹریلین ہیلتھ پروٹیکشن پرنسپل کمیٹی (AHPPC) نے مشورہ دیا ہے کہ فی چار مربع میٹرز پر ایک فرد سے زائد نہ ہونے سے متعلق 'مقام پر افراد کی تعداد کا قانون' کا اطلاق کمرہ جماعت یا بر آمدوں میں مناسب یا عملی نہیں، اور نہ ہی کلاس روم سرگرمیوں کے دوران طلباء کے درمیان 1.5 میٹرز کا فاصلہ برقرار رکھا جاسکتا ہے۔ اسی لیے، پہلے سے نافذ شدہ 10 طلباء فی کمرہ جماعت کی نسبت اسکولوں میں مزید درکار نہیں۔
- منتقلی کے عمل میں تمام اسکول عملے کی تیاری میں مدد کرنے کے لیے **پیر 25 مئی 2020 طلباء کی غیر حاضری کا یوم ہو گا**۔ اس دن اسکول اس بات کو یقینی بنائیں گے کہ آیا ان کے اسکول میں صحت کے مشوروں ہر عمل کی جا رہا ہے، اسکول کے معمولات ازسر نو ترتیب دیا جائے گا، فاصلاتی اور لچکدار لرننگ کے دوران طالب علم کی سیکھنے کی ترقی کی جانچ کے لئے ایک سوچ مرتب کی جائے گی اور صحت و تندرستی کی فوری ضرورت کے حامل طلباء کی نشاندہی کی جائے گی۔
- طلباء کو معمولات پر واپس لانے میں مدد کرنے کی اہمیت کی ہم قدر کرتے ہیں، حالات کو تسلیم کر رہے ہیں، جو بھی اطراف میں ہو رہا ہے اس کے بارے میں پائیدار معلومات پر مبنی پل پل سے آگاہ رکھ رہے ہیں نیز طلباء کو ان کے شکوک شبہات اور احساسات نمایاں کرنے کے لیے محفوظ راستہ فراہم کر رہے ہیں۔

سالانہ درجات میں زیر تعلیم اسکول جانے والے تمام طلباء سے توقع کی جاتی ہے کہ وہ اسکول میں حاضری دیں گے۔ اسکول سے فاصلاتی تعلیم کی توقع نہیں کی جاتی جہاں والدین طلباء کو گھر پر رکھنے کا انتخاب کرتے ہیں، ماسوائے جہاں یہ طبی مشورہ کی بنیاد ہر ہو۔ ایسی صورت میں براہ کرم ہمارے سب اسکول اسسٹنٹ پرنسپل سے رابطہ کریں۔
فاؤنڈیشن – گریڈ 2 : این مکڈونلڈ
گریڈ 3 تا گریڈ 6: مِک سوئینی
خیر خواہ: کیری بیٹس

صحت او حفاظت سے متعلق دیگر اقدامات

- میدان کھیل کا سامان استعمال کیا جا سکتا ہے۔ تاہم، طلباء استعمال سے پہلے اور بعد میں ہاتھوں کی صفائی کی مشق کریں گے۔ صفائی کا خاص خیال رکھتے ہوئے وقفے اور ظہرانے کے اوقات میں اسپتال گریڈ کے ساتھ کھیل کے میدان کو جراثیم سے پاک کرنے کے لیے صفائی کی جائے گی۔
- اگر استعمال شدہ سامان استعمال کیا جاتا ہے تو استعمال سے پہلے اور بعد میں صفائی کا سختی سے خیال رکھا جائے۔
- اسکول میں استعمال کے لیے طلباء کو اپنی پانی کی بوتل لانا ہوگی۔ بطور طالب علم وہ براہ راست پانی پینے کے فواروں سے پانی نہیں پی سکتے۔
- DET *طلباء کے لئے موبائل فون استعمال کی پالیسی* نافذ رہے گی۔ ہر صبح ہاتھ میں لاتے وقت طلباء سے ان کے موبائل فونز کو جراثیم کش صفائی کرنے کو کہا جائے گا۔ اسکول سے پہلے اور بعد میں فوری کووڈ سیو ایپ فعال کر کے فونز آن کیا جا سکتے ہیں۔ اسکولز حالات کو منظم کرتے ہیں جس میں طلباء کا ریکارڈ، عملہ اور آنے والوں کی حاضری، جو کہ رابطہ کی کھوج میں مدد کر سکتی ہے۔

15 Silky Oak Drive
Cranbourne, 3977
Phone: 5991 3600
Email: cranbourne.carlisle.ps@edumail.vic.gov.au
Website: http://www.cranbournecarlisleps.vic.edu.au

"Many Cultures One Community"

Principal: *Nicky Walker*
Assistant Principal: *Anne McDonald*
Assistant Principal: *Kerry Bates*
Assistant Principal: *Mick Sweeney*
Business Manager: *Nicholas Macura*

دماغی صحت و تندرستی

اگر آپ کو اپنے بچے کی دماغی صحت و تندرستی سے متعلق خاص تشویش لاحق ہے تو براہ کرم جتنا جلد ممکن ہو اسسٹنٹ پرنسپل کو آگاہ کریں تا کہ ہم کسی بھی دستیاب خدمات و مدد کی دستیابی کو یقینی بنائیں۔
فاؤنڈیشن – گریڈ 2 : این مکڈونلڈ
گریڈ 3 تا گریڈ 6: مِک سوئینی
خیر خواہ: کیری بیٹس

صفائی

صفائی کے توسیع شدہ اور اضافی انتظامات متعارف کروائے گئے ہیں جو جاری رہیں گے۔اس میں مقامات جنہیں تواتر سے چھوا جاتا ہے ان سے جراثین کی منتلقی کے خدشات کو کم کرنے کو یقینی بنانے کے لیے سارا دن بے حد صفائی شامل ہے۔

اسکول حاضری

کورونا وائرس (کووڈ-19) کی منتلقی کے خدشے کو کم کرنے کے لئے اسکول کمیونٹیز جو سب سے اہم کارروائی کر سکتے ہیں ان میں اس بات کو یقینی بنانا ہے کہ عملہ کا رکن ، بچہ اور جوان جو کئی بھی بیمار ہو وہ گھر پر رہے۔
جبکہ وائرس کی منتلقی کا خدشہ کافی کم ہے، عملہ اور طلباء جنہیں شدید بیمار ہونے کا خدشہ ہے وہ اپنے طبی معالج کی مدد سے اس وقت اسکول حاضری کے لئے انفرادی طور پر موذوں اقدامات کی جانچ کریں۔
اسکول احاطے میں کورونا وائرس (کووڈ-19) کی منتلقی کا سب سے زیادہ خدشہ بالغان میں ہے، اسکول احاطے میں آنے والے مہمانان کو ضروری اسکول خدمات اور افعال کی فراہمی والے مقامات تک محدود رکھا جائے۔ اگر کسی بھی وجہ سے والدین کو اسکول سے رابطہ کرنے کی ضرورت ہے تو براہ کرم دفتر اسکول کو کال کریں۔

تمام بیمار عملہ اور طلباء لازماً گھر پر رہیں

پیچیدہ طبی ضروریات کے حامل طلباء کے والدین/نگہداشت کرنے والے طلباء کے طبی معالج سے مشورہ طلب کریں تاکہ اس بات کو یقینی بنایا جائے کہ آیا اسکول جا کر تعلیم حاصل کرنا موذوں ہے یا نہیں۔ ذہن نشین کرتے ہوئے کہ یہ مشورہ تبدیل ہو سکتا ہے اس کا انحصار وکٹوریہ میں کورونا وائرس (کووڈ-19) وبائی مرض کے درجہ پر ہے۔ یہ DET صحت کی نگہداشت کی ضروریات کے پیری کرتے ہوئے ہے۔ اسکول علاقے میں موجود نہایت ضرورت مند خاندان کی مدد کرے گا۔

اسکول کی اسمبلی، سیرو سیاحت، کیمپس اور دیگر ضروری اجتماعات تاحکم ثانی ملتوی کر دئے گئے ہیں۔

صفائی ستھرائی

ہر شخص اپنے ہاتھوں کی مؤثر صفائی کو جاری رکھتے ہوئے خود کو محفوظ اور کورونا وائرس (کووڈ-19) کے پھیلاؤ کو روک سکتا ہے۔ اسکول واپس جا رک تعلیم حاصل کرنے اور سیکھنے کے عمل کے دوران اضافی صفائی ستھرائی کے اقدامات جاری رکھے جائیں گے۔

- تمام عملہ اور طالب علم باقاعدگی سے ہاتھوں کی صفائی کا خیال رکھیں گے بالخصوص اسکول پہنچتے وقت، کھانے سے پہلے اور بعد میں، ناک صاف کرنے کے بعد، کھانسے، چھینک مارنے اور بیت الخلاء جاتے وقت۔ یہ جہاں درکار ہو گا عملہ کی جانب سے ہدایات اور نگرانی فراہم کر دی جائے گی۔
- جہاں صابن اور پانی بہ آسانی دستیاب نہ ہو، ہاتھوں کا جراثیم کش محلول ہر کمرے میں فراہم کیا جائے گا۔
- طلباء کو فی الوقت پانی پینے کے فواروں سے براہ راست پانی پینے کی اجازت نہیں ہوگی۔ بجائے اس کے وہ استعمال کے لئے اپنی پانی کی بوتل اپنے ہمراہ اسکول لائیں (وہیں اسے بھریں)۔

15 Silky Oak Drive
Cranbourne, 3977
Phone: 5991 3600
Email: cranbourne.carlisle.ps@edumail.vic.gov.au
Website: http://www.cranbournecarlisleps.vic.edu.au

Principal: *Nicky Walker*
Assistant Principal: *Anne McDonald*
Assistant Principal: *Kerry Bates*
Assistant Principal: *Mick Sweeney*
Business Manager: *Nicholas Macura*

اسکول آمد اور روانگی

جیسا کہ کوورونا وائرس (کووڈ-19) کو اسکول میں پھیلانے کا سب سے بڑا ماخذ بے بالغ افراد ہیں اس لئے اسکول کمیونٹی کے بالغ افراد کے ساتھ قربت سے پرہیز کریں، بالخصوص اسکول پہنچنے اور روانگی ے وقت۔

- عملہ اور والدین سے درکار ہے کہ وہ اسکول کے اندر اور اطراف کے احاطے میں جمع نہ ہو کر جسمانی دوری کو ملحوظ خاطر رکھیں۔
- اسکول کے احاطے اور اسکول کے داخلی مقامات پر جسمانی دوری رکھنے پر عمل کرنے کے انتظامات اور طلباء اور بالغان کے درمیان میل جول کو کم سے کم رکھنے میں ذیل اقدامات شامل ہے:
  - بالغان کے درمیان فاصلہ رکھنے کی حوصلہ افزائی کے لئے اسکول کے گیٹ پر نشانات آویزاں کرنا
  - والدین کو اسکول آنے کی اجازت نہیں، انہیں بذریعہ فون یا ای میل رابطہ کرنے کے لئے کہا جاتا ہے
  - اہم ملاقاتیں بذریعہ ویڈیو کانفرنس کی جائیں گے
  - سماجی دوری کی ہدایات پر عمل اور مبارکباد دینے کے لئے کسی بھی قسم کا میل جول عدم رابطہ کے ذریعے ہونا چاہیے۔
  - اگر درکار ہو تو اسکول گیٹ پر بالغان کی تعداد کو کام کرنے کے لیے بچوں کو اسکول چھوڑنے اور واپس لینے کے مقامات پر ممکنہ بھیڑ کم کی جائے۔

15 Silky Oak Drive
Cranbourne, 3977
Phone: 5991 3600
Email: cranbourne.carlisle.ps@edumail.vic.gov.au
Website: http://www.cranbournecarlisleps.vic.edu.au

"Many Cultures One Community"